١٣٢٠٣
٢٠/٢/١١

12/12/19
روانہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں مفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اپنے علاقہ خضدار میں ہم نے ایک سکیم "موٹر سائیکل کمیٹی" نام سے شروع رکھا ہے جس میں ہر مہینہ ممبروں کو ۱ موٹر سائیکل قرعہ اندازی کے ذریعہ دی جاتی ہے، موٹر سائیکل کی نقد رقم 71000 ہزار ہوتی ہے جبکہ ہم قسطوں کی صورت میں 81000 ہزار وصول کرتے ہیں، اور کچھ ممبرز ایسے ہوتے ہیں جن کی قرعہ نکلنے کی صورت میں وہ ہم سے نقد رقم 71000 ہزار روپے وصول کرتے ہیں۔ باقی قرعہ اندازی کی ترتیب اور شرائط منسلک ہے۔

برائے مہربانی شریعت اسلامیہ کی روشنی میں راہنمائی فرمائیں۔

المستفتی: محمد رمضان
0333-7983112
arifm.shahi@gmail.com

دار الافتاء
٢٠٥٠

(جواب منسلک ہے)

خوشخبری          خوشخبری

# جیو کمیٹی خضدار

جیو انعامی کمیٹی کے (4) کامیابی کے بعد اب خضدار والوں کے لئے جیو کمیٹی
ایک منفرد انداز میں ہنڈا 125 اور CD-70 پیش کرتا ہے۔
اس کمیٹی میں 200 ممبر اور 200 موٹر سائیکل ہونگے



( تفصیلات )

اس کمیٹی میں ہنڈا 125 (100) اور CD-70 (100) موٹر سائیکل ہونگے، ہر ماہ میں "4" عدد موٹر سائیکل، قرعہ اندازی ہوگی۔




ہنڈا 125 کی قیمت 130000 روپے ہے، CD-70 کی قیمت 81000 روپے ہے۔
(10 دسمبر 2018) کو پہلی قرعہ اندازی ہوگی، اس کے بعد ہر ماہ کے (10) تاریخ کو قرعہ اندازی ہوگی۔

## ( کمیٹی کے شرائط و ضوابط )

☆ ہنڈا 125 موٹر سائیکل کمیٹی 27 ماہ کی ہوگی ہنڈا (125) والے کو ہر ماہ ماہانہ (5000) روپے جمع کرنے ہونگے

☆ CD-70 موٹر سائیکل کمیٹی 27 ماہ کی ہوگی CD-70 والے کو ہر ماہ ماہانہ 3000 روپے جمع کرنے ہونگے




☆ کمیٹی میں ہر ماہ 4 موٹر سائیکل قرعہ اندازی ہوگی
ایڈوانس موٹر سائیکل 6 ماہ بعد شروع ہوگا۔

☆ قرعہ اندازی میں نام نکلنے والے ممبر بھی آخر تک قسط جمع کرنے کا پابند ہوگا

☆ قرعہ اندازی میں نام نکلنے کی صورت میں ممبر سے ذمہ دار لینے ہونگے، ایک ملازم اور ایک دکاندار

☆ ہنڈا 125 موٹر سائیکل کی ایڈوانس رقم 30000 ہزار ہوگی یہ رقم آخری 5 ماہ کی مد میں جمع ہوگی ایڈوانس کی رقم اسی قیمت میں شامل ہوگی

☆ CD-70 ایڈوانس کی رقم 20000 ہزار ہوگی یہ رقم آخری 5 ماہ کی مد میں جمع ہوگی ایڈوانس کی رقم اسی قیمت میں شامل ہوگی





☆ ماہانہ قسط جمع نہ کرنے کی صورت میں ممبر کا نام قرعہ اندازی میں شامل نہ ہوگا

☆ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک قسط جمع کرنا لازمی ہوگی

☆ ہر نئے سال میں نیا ماڈل موٹر سائیکل ہوگی

☆ رجسٹریشن کا خرچہ ممبر خود برداشت کریگا

☆ جو ممبر اپنی ذاتی وجوہات کی وجہ سے قسط جمع نہ کیا تو کمیٹی رول کے مطابق جمع شدہ رقم کا 35% پرسنٹ رقم کاٹ کیا جائے گا باقی رقم کمیٹی ختم ہونے کے بعد ملے گا

☆ ایڈوانس موٹر سائیکل کی صورت میں 1 ماہ پہلے ایڈوانس جمع کرنا ہوگی

☆ کسی مجبوری کی صورت میں قرعہ اندازی تبدیل کی جا سکتی ہے جس کی اطلاع S.M.S یا فون کے ذریعے دی جائے گی

☆ موٹر سائیکل کے چابی لینے پر مٹھائی دینا ہوگا

ہنڈا 125 اور CD 70 کا قرعہ اندازی ایک ہوگا۔

## رابطہ ایڈریس:

جھالاوان ہوٹل گزگی چوک ، اور نگزیب حمام دوکوار ، بلوچستان ٹیلرز بلدیہ روڈ
الحمد بیکری دوکوار ، الفیصل شاک اینڈ آٹوز ہسپتال روڈ
ارسلان شاپنگ سینٹر اینڈ سلک سینٹر گھنڈ روڈ خضدار الحمد گند فروش جھالاوان کمپلیکس خضدار

کمیٹی ہولڈر

رمضان مینگل 0333-7983112

0334-2954401

F.P.P KZ SAMI

وضاحت: ایڈوانس موٹر سائیکل کمیٹی کا معاملہ الگ سے ہوتا ہے، اس کا اس کمیٹی سے کوئی تعلق نہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## الجواب حامدًا ومصليًا

سوال میں مذکورہ کمیٹی اور معاملہ میں چند خرابیاں ہیں:

۱. قرعہ اندازی میں نام نکلنے کی صورت میں بعض ممبرز موٹر سائیکل کی جگہ نقد رقم (جو کہ موٹر سائیکل کی اصل رقم سے کم ہوتی ہے) وصول کرتے ہیں، یہ جائز نہیں کیونکہ یہ قبضہ سے پہلے بیع کرنا ہے۔

۲. جو شخص کمیٹی چھوڑنا چاہے اسکی پینتیس فیصد رقم کاٹ لی جاتی ہے، حالانکہ اس رقم کی حیثیت قرض کی ہوتی ہے اور قرض کی ادائیگی میں کمی بیشی کرنا جائز نہیں۔

۳. موٹر سائیکل نکلنے کی صورت میں ممبر پر مٹھائی دینے کی شرط لگائی گئی ہے، جو کہ ممبر کی دلی رضامندی کے بغیر شرعاً جائز نہیں۔

البتہ اگر ان خرابیوں کو دور کرنے کے ساتھ چند شرائط کالحاظ رکھا جائے تو یہ اسکیم کمیٹی درست ہو سکتی ہے:

۱. جس ممبر کا قرعہ اندازی میں نام نکل آئے اس کو موٹر سائیکل فروخت کرنے کا باقاعدہ ایجاب وقبول کیا جائے، اور موٹر سائیکل متعین کرکے اس کے قبضہ میں دیدی جائے۔

۲. جس ممبر کو موٹر سائیکل فروخت کردی جائے، اسے موٹر سائیکل ہی دی جائے، موٹر سائیکل کی قیمت کم کرکے پیسے دینا (جیسا کہ سوال میں ذکر کیا گیا ہے) جبکہ کہ اس نے موٹر سائیکل پر قبضہ بھی نہ کیا ہو، جائز نہیں۔

۳. قسط کی ادائیگی میں تاخیر کی وجہ سے قیمت میں اضافہ یا جرمانہ کے نام پر زائد رقم وصول کرنے کی شرط نہ لگائی جائے۔

۴. اگر کوئی ممبر کمیٹی چھوڑنا چاہے تو اسے اس کی پوری رقم غیر معمولی تاخیر کے بغیر واپس کی جائے، اور اُس رقم میں سے کچھ کٹوتی نہ کی جائے۔

۵. کسی ممبر سے نام نکلنے کی صورت میں مٹھائی کا مطالبہ نہ کیا جائے۔

ان شرائط کی پابندی کے ساتھ یہ کمیٹی اسکیم جائز ہوگی، لیکن اگر ان شرائط کی خلاف ورزی کی گئی تو ناجائز ہوگی۔

**مسند الربيع - (١ / ٣٥٠)**

الربيع بن حبيب عن يحيى بن عامر عن عتاب بن أسيد قال بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال انطلق إلى أيلة فانههم عن أربع خصال عن بيع ما لم يقبض وعن ربح مالم يضمن وعن شرطين في بيع وعن بيع وسلف.............................واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم.

محمد اویس (دستخط)
محمد اویس سیالکوٹی عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی
۵ / جمادی الثانیہ ۱۴۴۰ھ
۱۱ / فروری / ۲۰۱۹ء

الجواب صحیح
(دستخط)
مفتی جامعہ دار العلوم کراچی
۵ / جمادی الثانیہ ۱۴۴۰ھ
۱۰ / فروری / ۲۰۱۹ء

الجواب صحیح
محمد یعقوب عفی عنہ
۵/۶/۱۴۴۰ھ

الجواب صحیح
(دستخط)
۶/۷/۱۴۴۰ھ

دار الافتاء
فتویٰ نمبر ۲۴/۲۰۵۰
مورخہ ۷/۶/۱۴۴۰ھ
۱۳/۲/۲۰۱۹ء

Scanned by CamScanner